قل هل يستوي الذين يعلمون والذين لا يعلمون
معلم العربية
افادات
پیر طریقت رہبر شریعت محبوب العلماء
حضرت مولانا شیخ ڈاکٹر ندیم قریشی مدظلہ خلیفہ مجاز حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مدظلہ
تحقیق و تسہیل
اساتذہ جامعہ معلم الاسلامیہ
V12.01.04

فہرست معلّم العربیہ

اب دیکھئے دو لفظوں میں بات سمیٹنے
والی بات ہوئی (صِلْ مَنْ قَطَعَکَ)"جو تجھ سے توڑے تو اس سے جوڑ"
اس سے جوڑ جو تجھ سے توڑے۔اب یہ کیا خوبصورت تعلیم ہے؟ایک آدمی
ہم سے دور ہونا چاہتا ہے،جدا ہونا چاہتا ہے،ہم حتی الوسع کوشش کریں کہ وہ ہمارے ساتھ جڑا
رہے۔قریب رہے،پیار رہے،محبّتیں رہیں۔اس لئے کہ مل جل کر جب رہتے ہیں تو دوسرے
کے ساتھ رنجش کا ہوجانا فطری چیز ہے تو شریعت نے کہا کہ اگر ایسا ہوجائے تو تم دوسرے سے
ایکسکیوز کرلو،معذرت کرلو،معافی مانگ لو،اور دوسرے کو کہا کہ بھئی!اس کو جلدی معاف کردو
حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مدظلہ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے شعائرِ اسلام کو ظاہر کیا اور اسلام کے قوانین کو بلند کیا، انبیاء ورسل کو مبعوث کیا اور علماء کو نیابت انبیاء سے سرفراز کیا جنہوں نے بتوفیق الٰہی ہر قسم کے جلی اور دقیق علوم وفنون کو مدون کیا۔ حالات وواقعات یکے بعد دیگرے بدلتے آرہے ہیں دور حاضر میں طلباء یہ چاہتے ہیں کہ کم ازکم وقت میں آسان سے آسان طریقے سے علوم دینیہ حاصل کرلیں۔ ان تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے ہم نے چاہا کہ ماڈرن ٹیکنالوجی استعمال کی جائے تاکہ دنیا میں کہیں بھی بسنے والا شخص علوم دینیہ سے محروم نہ رہے۔

چنانچہ کتب دینیہ کو آسان ترین انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس میں لغت، رنگ، گرافکس، ٹیبلز، اصطلاحات ضروریہ اور ریکارڈڈ لیکچرز کے ذریعے درسی کتابوں کو آسان ترین بنایا گیا تاکہ طالب علم اپنی سہولت کے پیش نظر جب چاہیں ہر کتاب سے متعلّقہ ریکارڈڈ لیکچرز اور گرافکس وغیرہ سے فائدہ اٹھاسکیں۔

چونکہ یہ کام ضخیم ودقیق اور کثیر کتب پر مشتمل تھا اس لئے جامعہ نے متعدد ماہر فن اور تجربہ کار اساتذہ کو اپنی کاوشوں میں شامل کیا جنہوں نے اپنے ماہرانہ اور آسان اسلوب کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ نصاب مرتب کیا اور خاص طور پر عربی کو آسان انداز میں سمجھنے کیلئے ایک منفرد کورس ترتیب دیا ہے جو چند کتابوں پر مشتمل ہے۔

ہماری رائے یہ ہے کہ طلباء ان کتابوں کو پڑھتے ہوئے مستند علماء سے رابطہ رکھیں تاکہ فضیلت سند اور شرف تلمذ حاصل ہو۔ کتاب ہذا میں ریکارڈڈ لیکچر حضرت مولانا شیخ ڈاکٹر محی الدین ندیم قریشی صاحب کی آواز میں ہے۔

ہم تمام معاونین وکمپیوٹر آپریٹرز، اساتذہ اور جامعہ کے مشکور ہیں خصوصاً مجوزہ نصاب میں کتب دینیہ کے محققین مصنفین کے جو آج ہم تک علوم دینیہ پہنچانے میں معاون بنے۔ اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سب کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ آمین

سرپرست اعلیٰ
شیخ ڈاکٹر ندیم قریشی (غفرلہ)

منتظم اعلیٰ
مفتی عتیق الرحمٰن

رئیس الاتقیاء مشفق ومربی استاذیم امام الصرف والنحو حضرت مولانا مفتی عبدالرحمٰن ظفر صاحب زید مجدہ

مدیر جامعہ علوم اسلامیہ فیصل آباد

باسمہٖ تعالیٰ یہ حقیقت روزروشن کی طرح عیاں ہے کہ کسی بھی زبان کو سمجھنے کیلئے اس کی گرائمر بنیادی حیثیت رکھتی ہےاس میں جس قدر مہارت ہوگی اسی قدر زبان پر گرفت مضبوط ہوگی اگر ابتدائی مرحلے میں کمی وکوتاہی رہ جاتی ہےتو انتہائے نصاب تک یہ نقصان برابر محسوس ہوتا رہے گا تا آنکہ علمی استعداد بری طرح متاثر ہوجاتی ہے اورعلمی سفر میں انسان خودکوعیب داراورلنگڑاخیال کرنے پرمجبور ہوجاتا ہے۔

قدیم زمانے سے اب تک اہل علم نے اپنے اپنے اندازفکر رہنما اصول وضع کئے اورنونہالان قوم کے لئے نت نئے زاویے تلاش کئے ہمارے انتہائی محبوب ومکرم بھائی محترم مفتی عتیق الرحمٰن صاحب نے بھی اس میدان میں قدم رکھااور پھر طلباء کی خیر خواہی کیلئے لکھتے ہی چلے گئے۔

کوئی حد ہےان کی شویدی خدمات کی'' کہ بات پیش کرنے کیلئے متنوع اندازاختیار کیا

پھر اگر چہ گرائمر اور عربی کلام کے دائرے باہم مختلف ہیں ''مگر گفتہ آید درحدیث دیگراں'' کے تحت انہوں نے لسانی حیثیت کوبھی گرائمر میں سمودیا جبکہ گرائمر کی کسی بھی تحریر میں یہ پہلونظرانداز ہی رکھا جاتا ہے

تقریظ اورتصویب پرکلمات لکھنے والے حضرات کوعموماًیہ تحریر کرنا پڑتا ہے کہ وقت کی قلت کے باعث چند چیدہ چیدہ مقامات کودیکھ سکا ہوں''

مگر برادرمکرم نے کرامت باھرہ کے طلسم سے ہجوم مصروفیات کے باوجود اس فقیر سے کچھ وقت چھین کر

کتابوں پر لگا دیا اور میں اب عام تحریرات کے علی الرغم یوں کہہ سکتا ہوں کہ تینوں کتابوں معلّم الصرف، معلّم النحو، معلّم العوامل کو بالاستیعاب دیکھا اور محترم کے اہداف کیلئے ان کو کامل واکمل پایا۔

میں پر امید ہوں کہ ان جواہرات ثمینہ کا سلسلہ قوم کے بچوں کیلئے بے حد نفع مند ثابت ہوگا

آخر میں اپنے مخدوم ومکرم حضرت شیخ ڈاکٹر ندیم قریشی دامت برکاتہم کی علمی کاوشوں کا اعتراف کرتا اور خیال کرتا ہوں جن کی تحریک اور توجہات تامہ ان شاء اللہ بار آور ثابت ہونگی۔

خادم العلم والعلماء

عبدالرحمٰن ظفر

تمام علوم دینیہ شارع ﷺ سے منقول ہیں پھر بوجہ وراثت انبیاء علیہم السّلام کے علماء اور ائمہ کرام نے ان کو سنبھالا یہاں تک کہ مشائخ عظام خصوصاً مشائخ نقشبند اور تمام اولیاء واتقیاء نے عملی جامہ پہنایا لہٰذا جامعہ اپنی تمام تصانیف کو انبیاء کرام، علماء، اولیاء اور صالحین کی طرف خصوصاً حضرت شیخ پیر ذوالفقار احمد نقشبندی دامت برکاتہ کی طرف جنہوں نے ہر لمحہ جامعہ کے تمام امور میں حوصلہ افزائی فرمائی اور سرپرست اعلیٰ جامعۃ المعلم خلیفہ مجاز حضرت شیخ ڈاکٹر ندیم قریشی دامت برکاتہ اور حضرت کے اہل خانہ کی طرف جن کی فرمائش پر جامعہ ہذا کی بنیاد رکھی گئی۔

اور اپنے اساتذہ، والدین اور ایڈمنسٹریٹر جامعۃ المعلم سید راحیل اختر اور منتظم اعلیٰ مفتی عتیق الرحمٰن اور جامعہ کے تمام اساتذہ کی طرف منسوب کرتا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ان کی سعی پیہم کو قبول فرمائے اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

ابحاث کی ترتیب اور کتاب ہٰذا کا تعارف

عربی زبان پڑھنے کا مقصد قرآن وحدیث کو سمجھنا ہے اور عربی زبان کلمہ اور کلام کا مجموعہ ہے۔ بچہ جب بولنا سیکھتا ہے تو ایک ایک لفظ (یعنی مفرد کلمات) بولتا ہے جو کلام کی بنیاد ہوتے ہیں ہم نے بھی سب سے پہلی کتاب معلّم الصرف میں مفرد یعنی کلمہ کی بحث کو ذکر کیا ہے پھر جس طرح بچہ مختلف کلمات کو جوڑ کر چھوٹے چھوٹے جملے بولتا ہے یعنی کلام بناتا ہے اسی طرح ہم نے اپنی دوسری کتاب معلّم النحو میں مکمّل کلام کی بحث کو ذکر کیا ہے جس میں جملہ اسمیہ وفعلیہ کی وضاحت، اسم وفعل کی اقسام اور ان میں اعراب کی تبدیلی کو ذکر کیا ہے۔

کلمہ اور کلام سمجھنے کے بعد اسم وفعل پر اثر انداز ہونے والے (اعراب کو تبدیل کرنے والے) عوامل کی بحث کو معلّم العوامل میں ذکر کیا ہے۔ اب چونکہ ابتدائی طالبعلم کے پاس ذخیرہ الفاظ کم ہوتا ہے اور اس کی استعداد بھی ادنیٰ ہوتی ہے۔ اس لئے ہم نے صرف تین حرفی (ثلاثی مجرد) صحیح کے الفاظ سے مثالوں کو ذکر کیا ہے۔ پھر قواعد نحویہ کے اجراء کیلئے ثلاثی مجرد صحیح کے الفاظ والی احادیث کو معلّم الاجراء بالاحادیث میں ذکر کیا ہے تاکہ الفاظ کی پہچان اور استعداد بننے کے ساتھ ساتھ احادیث کے ذریعے اپنی اصلاح اور عمل کا شوق پیدا ہو۔

جب طالب علم ثلاثی مجرد صحیح کی مثالوں اور (ثلاثی مجرد صحیح والی) احادیث کو پڑھ چکا ہے تو اب مزید فیہ پڑھایا جائے تو ہم ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کو معلّم الابواب والخاصیات میں لائے ہیں۔

اس کتاب کے بعد اب طالبعلم کیلئے تعلیلی ابواب اور قواعد کو پڑھنا آسان ہے تو ہم نے تعلیلی ابواب اور قواعد کی تمام مشکل ابحاث کو معلّم قواعد الصرف میں شامل کیا ہے۔ یہ کتاب پڑھنے کے بعد چونکہ طالبعلم صرف ونحو کے اہم قواعد کو پڑھ چکا ہے تو اب ہم چاہتے ہیں کہ طالبعلم کو عربی بول چال بھی آجائے تو اس کے لئے معلّم الکلام فی العربیہ اور خاص طور پر اٹیچمنٹ سلائیڈز کو اس انداز سے ڈیزائن کیا ہے کہ پہلے صحیح کے الفاظ لائے ہیں اور پھر بعد میں تعلیلی الفاظ کو بھی تحریر کیا ہے۔

طالبعلم ان الفاظ کو آسانی کے ساتھ اسطرح یاد کرسکتا ہے کہ ہر سلائیڈ کے الفاظ کی مدد سے ایک خوبصورت کہانی بنا کر استاد کو سنائے اس طرح اٹیچمنٹ کی ایک سلائیڈ میں پائے جانے والے مختلف الفاظ کی مدد سے طلباء کے لئے عربی جملے بنانا اور بول چال کرنا آسان ہو جائے گا اور جیسا کہ پہلے ذکر کیا کہ اصل مقصد تو قرآن وحدیث کو سمجھنا ہے تو اس

کورس کے آخر میں معلّم الاجراء بالقرآن میں تمام صرفی نحوی قواعد کا اجراء کروایا جاتا ہے تاکہ آیات کے اجراء کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی سمجھ پیدا ہو۔

محترم اساتذہ کرام سے گذارش ہے کہ یہ طرز تعلیم جو طالبعلم میں تدریج بالتدریج عربی پر مہارت پیدا کرتا ہے ضرور اپنائیں اور اٹیچمنٹ سلائیڈز کو بھی ساتھ ساتھ معاون بنائیں۔ آیئے اب ہم معلّم العربیہ شروع کرتے ہیں

ہمارے پروردگار نے جب فیصلہ کیا کہ بنی آدم سے خطاب کیا جائے تو کلام کے لئے عربی زبان کو پسند کیا اور لوگوں کو قرآن پڑھنے اور سمجھنے کا حکم بھی دیا

●فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ●

قرآن کی تلاوت کرو جتنا تمہیں آسان لگے اب محبّت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے پروردگار کے کلام کو سمجھیں تاکہ اس پر عمل کرسکیں۔ جیسا کہ فرمان نبوی ﷺ ہے، اہل عرب سے محبّت کرو تین وجہ سے کیونکہ میں عربی ہوں، اور اللہ تعالے کا کلام عربی ہے اور جنت کی زبان عربی ہے۔

کسی بھی زبان کو سمجھنے کے لیے اچھے انداز سے گرائمر کو سمجھنا پڑتا ہے اس کتاب میں عربی بول چال اور عربی گرائمر کی تمام کتابوں کا تعارف پڑھایا جاتا ہے

ہم امید کرتے ہیں کہ ہماری اس کاوش سے آپ کے لئے عربی زبان کا حصول آسان اور لطف دہ تجربہ بن جائیگا اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ہمارے لئے سہل کردے۔ (آمین)

Slide 1

TOPIC 1.0

عربی الفاظ کی ابتداء

Slide 2 عربی الفاظ کی ابتداء **Topic 1.0**

SUB TOPIC 1.1

حروف تہجّی

ہر زبان کے بنیادی حروف ہوتے ہیں ان حروف کو عربی میں حروف تہجّی کہتے ہیں جیسا کہ عربی زبان میں الف سے لے کر یاء تک ۲۸ حروف ہیں ان مختلف حروف کو آپس میں ملانے سے کلمہ بنتا ہے

خ	ح	ج	ث	ت	ب	ا
ص	ش	س	ز	ر	ذ	د
ق	ف	غ	ع	ظ	ط	ض
ی	ه	و	ن	م	ل	ك

نوٹ: الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے لیکن جب یہ متحرک نظر آئے تو جان لیجئے کہ دراصل یہ ہمزہ ہے بعض کے نزدیک یہ دونوں الگ الگ حروف ہیں

حروف صحیح (۲۵) ہیں

حروف صحیح: وہ حروف جو حقیقی ہیں اور اکثر اصلی شکل میں موجود رہتے ہیں

حروف علّت (۳) ہیں

حروف علت: وہ حروف ہیں جو ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بناتے ہوئے استعمال ہوں تو ان میں تغیّر ہوتا رہتا ہے یعنی اکثر اپنی اصلی شکل میں نہیں رہتے اور وہ و، ا، ی ہیں یاد رکھنے کیلئے وَایْ کہتے ہیں جو کہ اہل عرب بیماری میں ادا کرتے ہیں۔

فائدہ: مختلف حروف کو آپس میں ملانے سے کلمہ بنتا ہے اور مختلف کلمات کو آپس میں ملانے سے کلام بنتا ہے۔ عزیز طلباء وطالبات آیئے پہلے کلمہ کی بحث کو پڑھتے ہیں۔

Slide 5

TOPIC 2.0

کلمہ اور اس کی اقسام

Slide 6 کلمہ اور اسکی اقسام Topic 2.0

SUB TOPIC 2.1

کلمہ

کلمہ وہ لفظ ہے جو ایک معنی کے لئے بنایا گیا ہو

عربی زبان کے کلمات تین قسم پر ہیں

(۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف

اسم: اسم نام کو کہتے ہیں اور اسم وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی بتائے جیسے زَیْدٌ، خَالِدٌ وغیرہ

فعل: فعل کام کو کہتے ہیں اور فعل وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی بتائے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے جیسے نَصَرَ مدد کی اس ایک مرد نے گزرے ہوئے زمانہ میں۔

نوٹ: زمانے تین ہیں ماضی (گزرا ہوا) حال (موجودہ) مستقبل (آنے والا)

حرف: حرف کنارے کو کہتے ہیں اور حرف وہ کلمہ ہے جسکا معنی دوسرے کلمہ کے ملائے بغیر سمجھ نہ آئے جیسے

مِنْ	اِلٰی	فِیْ	اِنَّ	اَنْ	لَمْ
سے	تک	میں	بیشک	یہ کہ	نہیں

جب تک ان کے ساتھ دوسرا کوئی کلمہ نہیں ملائیں گے اس وقت تک ان کا معنی سمجھ نہیں آئیگا

جیسے سَفَرْتُ مِنَ الْمَدِیْنَةِ اِلَی الْکُوْفَةِ

(سفر کیا میں نے مدینہ سے کوفہ تک) اب مِنْ اور اِلٰی کا معنی سمجھ میں آ گیا۔

مِنْ کا معنی ''سے'' اِلٰی کا معنی ''تک''

اسم، فعل، حرف کی علامات

اسم کی چند علامات

نمبر	علامات	مثالیں
۱	نام ہو	مُحَمَّدٌ
۲	شروع میں الف لام ہو	اَلْحَمْدُ
۳	آخر میں تنوین ہو	عَالِمٌ
۴	تائے متحرکہ ہو جو حالت وقف میں 'ہ' بن جائے	ضَارِبَةٌ
۵	تثنیہ یا جمع ہو	نَاصِرَانِ، نَاصِرُوْن

علامات فعل

نمبر	علامات	مثالیں
۱	شروع میں قَدْ ہو	قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ
۲	شروع میں س یا سوف ہو	سَيَعْلَمُوْنَ اور سَوْفَ يَعْلَمُوْنَ
۳	فعل امر ہو	اِضْرِبْ
۴	حروف اتین میں سے کوئی شروع میں ہو	يَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِب، نَضْرِبُ

علامت حرف: یہ ہے کہ جس میں اسم اور فعل کی کوئی علامت نہ ہو

عربی عبارت میں استعمال ہونے والے چند حروف

ل	ك	ف	و	ت	ب
لَنْ	كَيْ	اَنْ	لَمْ	اِنْ	قَدْ

SUB TOPIC 2.2

اسم اور فعل کی تقسیم

اسم کی اقسام

اسم کی تین قسمیں ہیں

(۱) اسم جامد (۲) اسم مصدر (۳) اسم مشتق

اسم جامد: وہ اسم ہے جو نہ تو خود کسی سے بنے اور نہ ہی اس سے کوئی کلمہ بنایا جائے

جیسے اِبْرَاهِيْمُ ، اَبَابِيْلُ ، بَرْزَخٌ

اسم مصدر: وہ اسم ہے جو خود کسی سے نہ بنے لیکن اس سے کئی کلمے بنتے ہوں جیسے ضَرْبٌ

اسم مشتق: وہ اسم ہے جو خود کسی سے بنے اور اس سے کئی کلمے بنتے ہوں

جیسے ضَارِبٌ، ضَارِبَانِ، ضَارِبُوْنَ

نوٹ: اہل عرب اسم مصدر سے چند چیزیں مشتق (بنایا) کرتے ہیں

اسمائے مشتقہ

(۱) اسم فاعل: وہ اسم ہے جو ایسی ذات کے بارے میں بتائے جس سے کام ہوا ہے

جیسے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا)

(۲) اسم مفعول: وہ اسم ہے جو ایسی ذات کے بارے میں بتائے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو

جیسے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ہوا)

(۳) اسم تفضیل: وہ اسم ہے جو کسی ذات میں دوسروں کی بنسبت صفت کی زیادتی ظاہر کرے

جیسے اَنْصَرُ (زیادہ مدد کرنے والا)

افعال مشتقہ

(۱) فعل ماضی (۲) فعل مضارع (۳) فعل امر

(۱) فعل ماضی: وہ فعل ہے جو گزرے ہوئے زمانہ کے بارے میں بتائے

جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)

(۲) فعل مضارع: وہ فعل ہے جو موجودہ یا آئندہ زمانہ کے بارے میں بتائے

جیسے یَنْصُرُ (مدد کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد)

(۳) فعل امر: وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے

جیسے اُنْصُرْ (مدد کر تو ایک مرد)

SUB TOPIC 2.3

فعلِ ماضی، فعلِ مضارع، فعلِ امر

صیغہ کی تعریف

کسی بھی کلمہ کے حروف کو حرکات وسکنات کے اعتبار سے جو خاص شکل ملے یعنی واحد، تثنیہ جمع یا مذکر، مؤنث ہونا یا غائب وحاضر ہونا صیغہ کہلاتا ہے اور ہر فعل سے ۱۴ صیغے نکلتے ہیں

۶ غائب		۶ حاضر	
۳ مذکر	۳ مؤنث	۳ مذکر	۳ مؤنث
واحد مذکر غائب	واحد مؤنث غائب	واحد مذکر حاضر	واحد مؤنث حاضر
تثنیہ مذکر غائب	تثنیہ مؤنث غائب	تثنیہ مذکر حاضر	تثنیہ مؤنث حاضر
جمع مذکر غائب	جمع مؤنث غائب	جمع مذکر حاضر	جمع مؤنث حاضر
متکلّم کے ۲ صیغے مذکر ومؤنث تثنیہ وجمع کیلئے مشترک آتے ہیں		واحد متکلّم	جمع متکلّم

غور کیجئے

متکلّم	حاضر		غائب		صیغہ
مشترک	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	صیغہ
I فَعَلْتُ	You فَعَلْتِ	You فَعَلْتَ	She فَعَلَتْ	He فَعَلَ	واحد
WeBoth فَعَلْنَا	YouBoth فَعَلْتُمَا	YouBoth فَعَلْتُمَا	Theyboth فَعَلَتَا	Theyboth فَعَلَا	تثنیہ
We all فَعَلْنَا	You All فَعَلْتُنَّ	You All فَعَلْتُمْ	They فَعَلْنَ	They فَعَلُوْا	جمع

فعل امر		فعل مضارع		فعل ماضی	
اِفْعَلَا	لِيَفْعَلْ	تَفْعَلَان	يَفْعَلُ	فَعَلْتُمَا	فَعَلَ
اِفْعَلُوْا	لِيَفْعَلَا	تَفْعَلُوْنَ	يَفْعَلَانِ	فَعَلْتُمْ	فَعَلَا
اِفْعَلِيْ	لِيَفْعَلُوْا	تَفْعَلِيْنَ	يَفْعَلُوْنَ	فَعَلْتِ	فَعَلُوْا
اِفْعَلَا	لِتَفْعَلْ	تَفْعَلَان	تَفْعَلُ	فَعَلْتُمَا	فَعَلَتْ
اِفْعَلْنَ	لِتَفْعَلَا	تَفْعَلْنَ	تَفْعَلَانِ	فَعَلْتُنَّ	فَعَلَتَا
لِاَفْعَلْ	لِتَفْعَلُوْا	أَفْعَلُ	يَفْعَلْنَ	فَعَلْتُ	فَعَلْنَ
لِنَفْعَلْ	اِفْعَلْ	نَفْعَلُ	تَفْعَلُ	فَعَلْنَا	فَعَلْتَ

صیغوں کی علامات

گردان	ترجمہ	علامت
فَعَلَ	کیا اس ایک مرد نے	هُوَ
فَعَلَا	کیا ان دو مردوں نے	ا
فَعَلُوْا	کیا ان سب مردوں نے	وْ
فَعَلَتْ	کیا اس ایک عورت نے	هِيَ
فَعَلَتَا	کیا ان دو عورتوں نے	ا
فَعَلْنَ	کیا ان سب عورتوں نے	نَ
فَعَلْتَ	کیا تو ایک مرد نے	تَ

گردان	ترجمہ	علامت
فَعَلْتُمَا	کیا تم دو مردوں نے	تُمَا
فَعَلْتُمْ	کیا تم سب مردوں نے	تُمْ
فَعَلْتِ	کیا تو ایک عورت نے	تِ
فَعَلْتُمَا	کیا تم دو عورتوں نے	تُمَا
فَعَلْتُنَّ	کیا تم سب عورتوں نے	تُنَّ
فَعَلْتُ	کیا میں ایک مرد یا عورت نے	تُ
فَعَلْنَا	کیا ہم سب مردوں یا عورتوں نے	نَا

ترجمہ کرنے کا طریقہ

فعل ماضی کا ترجمہ		فعل مضارع کا ترجمہ		فعل امر کا ترجمہ	
فَعَلَ	کیا اس ایک مرد نے	يَفْعَلُ	کرتا ہے یا کریگا وہ ایک مرد	لِيَفْعَلْ	چاہیے کہ کرے وہ ایک مرد

عزیز طلباء جب آپ نے ہر گردان کے پہلے صیغے کا ترجمہ معلوم کرلیا تو غور وفکر سے آپ باقی صیغوں کا ترجمہ بھی معلوم کرلیں گے بس آپ اتنا کریں کہ تثنیہ کے صیغوں میں دو کا عدد اور جمع کے صیغوں میں سب کا لفظ اور مذکر کے صیغوں مرد کا لفظ اور مونث کے صیغوں میں عورت کا لفظ بڑھا دیں گے

نوٹ: عزیز طلباء ہماری ویب سائٹ

المعلم (Al Muallim.org) کے کورس معلّم العربیہ

میں جا کر سابقہ حصے (Topic) کے سوالات حل کرلیں

Slide 22

TOPIC 3.0

Slide 23	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Topic 3.0

SUB TOPIC 3.1

آئیے اب ہم کلمہ کی مختلف اقسام کو جوڑ کر کلام بناتے ہیں

کلمہ کو مفرد بھی کہتے ہیں مفرد کی تعریف

مفرد وہ لفظ ہے جو ایک معنٰی کے لئے بنایا گیا ہو جیسے خَالِدٌ

دو یا دو سے زیادہ مفرد الفاظ کو جوڑ کر کلام بنایا جاتا ہے

کلام کو مرکب بھی کہتے ہیں مرکب کی تعریف

مرکب وہ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلموں کو جوڑ کر بنایا جائے جیسے خَالِدٌ قَائِمٌ

مفرد اور مرکب کالم میں لکھو

(۱) رَسُوْلُ اللّٰہِ (۲) اَبُوْبَکْرٌ رض (۳) عُمَرٌ رض (۴) عُثْمَانٌ رض (۵) عَلِي رض

(۶) اَلْجَنَّةُ حَقٌّ (۷) وَالنَّارُ حَقٌّ

مرکب	مفرد	مرکب	مفرد
نَبِيُّ الرَّحْمَةِ	مُحَمَّدٌ	رَحْمَةُ اللّٰہِ	اَللّٰہُ
....	....	....	....
....	....	....	....
....	....	....	....

نیچے لکھے ہوئے جملوں میں اسم و فعل اور حرف معلوم کرو

نمبر	مثال	نمبر	مثال
۱	لَبِسَ الرَّجُلُ ثَوْبًا	۵	لَقَدْ بَعَثَ اللّٰهُ رُسُلًا اِلَی النَّاسِ
۲	يَذْهَبُ النَّاسُ اِلٰی مَكَّةَ	۶	رَجَعَ اِبْرَاهِيمُ مِنْ سَفَرِهٖ
۳	جَلَسَ خَالِدٌ	۷	اَلْوَلَدُ يَلْعَبُ فِي الْبُسْتَانِ
۴	نَظَرَ خَالِدٌ كَوْكَبًا	۸	ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

اجزائے جملہ میں غور کریں اور اسماء کو علیحدہ کریں

نمبر	مثال	نمبر	مثال
۱	ذَبَحَ اِبْرَاهِيمُ اِسْمٰعِيلَ	۶	نَصَرَ الْمَلِكُ رَجُلًا
۲	اَلْكَلْبُ يَحْرُسُ الْبَيْتَ	۷	اَ كَلَ اَحْمَدُ تُفَّاحًا
۳	جَلَسَ الْوَلَدُ عَلَی الْفِرَاشِ	۸	نَجَحَ الطِّفْلُ فِي الْاِمْتِحَانِ
۴	يَأْكُلُ الشَّيْطَانُ بِالشِّمَالِ	۹	خَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْضَ
۵	اَلْمَآءُ فِي الْبِئْرِ	۱۰	قَطَعَ الرَّجُلُ شَجَرَةً

اجزائے جملہ میں غور کریں اور افعال کو علیحدہ کریں

نمبر	مثال	نمبر	مثال
۱	ذَبَحَ اِبْرَاهِيمُ اِسْمٰعِيلَ	۲	نَصَرَ الْمَلِكُ رَجُلاً
۳	اَلْكَلْبُ يَحْرُسُ الْبَيْتَ	۴	اَكَلَ اَحْمَدُ تُفَّاحًا
۵	جَلَسَ الْوَلَدُ عَلَى الْفِرَاشِ	۶	نَجَحَ الطِّفْلُ فِي الْاِمْتِحَانِ
۷	يَأْكُلُ الشَّيْطَانُ بِالشِّمَالِ	۸	خَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْضَ
۹	اَلْمَآءُ فِي الْبِئْرِ	۱۰	قَطَعَ الرَّجُلُ شَجَرَةً

SUB TOPIC 3.2

مرکب

جو دو یا دو سے زیادہ کلموں کو جوڑ کر بنایا جائے

مرکب کی دو قسمیں ہیں: (۱) مرکب مفید (۲) مرکب غیر مفید

(۱) مرکب مفید: جب متکلّم خاموش ہو جائے تو مخاطب کو فائدہ معلوم ہو

اس کو جملہ یا کلام بھی کہتے ہیں

جیسے زَیْدٌ کَاتِبٌ (زید لکھنے والا ہے) جَلَسَ عُمَرُ (عمر بیٹھا)

(۲) مرکب غیر مفید: جب متکلّم خاموش ہو جائے تو مخاطب کو فائدہ معلوم نہ ہو

نوٹ: مرکب غیر مفید کی وضاحت آخر میں پڑھیں گے

مرکب مفید

(۱) اَلْعِلْمُ نُوْرٌ
(۲) کَتَبَ نَاصِرٌ
(۳) اَللّٰہُ اَحَدٌ
(۴) اَلْوَلَدُ نَائِمٌ
(۵) خَالِدٌ عَالِمٌ
(۶) کَسَرَاِبْرَاھِیْمُ الْاَصْنَامَ

پہلے جملے کو دیکھیں وہ دو لفظوں سے مرکب ہے، ایک لفظ اَلْعِلْمُ اور دوسرا نُوْرٌ ہے
اس جملہ میں اگر آپ صرف اَلْعِلْمُ کہیں تو آپ کچھ نہیں سمجھ سکتے
اسی طرح اگر آپ صرف نُوْرٌ کہیں تو آپ کو پوری بات سمجھ نہ آئے گی
لیکن جب آپ اَلْعِلْمُ اور نُوْرٌ کو ملا کر پڑھیں گے اور یوں کہیں گے کہ
اَلْعِلْمُ نُوْرٌ تو آپ ایک نئی بات معلوم کر لیں گے اور پورا فائدہ ہوگا، وہ یہ کہ علم نور ہے

اسی طرح مثال نمبر ۶ کو دیکھیں، وہ تین کلموں سے مرکب ہے، پہلا کلمہ کَسَرَ
دوسرا اِبْرَاھِیْمُ اور تیسرا اَلْاَصْنَامَ ہے۔ان میں سے کسی ایک سے کوئی فائدے کی
بات آپ معلوم نہیں کر سکتے لیکن اگر آپ تینوں کلموں کو ملا کر پڑھیں
تو ایک نئی بات معلوم ہوگی وہ یہ ہے کہ ’’ابراہیم علیہ السّلام نے بت توڑے‘‘
اسی لئے ان سب جملوں کو مرکب مفید کہتے ہیں۔

اب آپ نے یہ سمجھ لیا ہوگا کہ ایک لفظ بات چیت کے لئے کافی نہیں ہے
بلکہ دو لفظ یا اس سے زیادہ ہونے چاہئیں، تاکہ سننے والا پوری بات سمجھ لے۔

SUB TOPIC 3.3

مرکّب مُفید کی اقسام

مرکب مفید کی اقسام

مرکب مفید کو جملہ بھی کہتے ہیں جملے کی دو قسمیں ہیں

(۱) جملہ خبریہ (۲) جملہ انشائیہ

(۱) جملہ خبریہ: وہ ہے جس میں خبر پائی جائے اور خبر میں سچ یا جھوٹ کا امکان ہوتا ہے جیسے کَتَبَ نَاصِرٌ (ناصر نے لکھا)

جملہ خبریہ کی دو اقسام ہیں (۱) جملہ اسمیہ (۲) جملہ فعلیہ

ان دونوں کی تفصیل آگے آرہی ہے

(۲) جملہ انشائیہ: وہ ہے جس میں کسی چیز کا حکم، روکنا، سوال کرنا، آرزو یا امید رکھنا پایا جائے اور اس کو سچا یا جھوٹا نہیں کہہ سکتے جیسے اُنْصُرْ

جملہ انشائیہ کی دس اقسام ہیں

نمبر	اقسام	نمبر	اقسام
١	امر کسی کام کا حکم کرنا	٢	نہی کسی کام سے روکنا
٣	استفہام سوال کرنا	٤	تمنّی آرزو کرنا
٥	ترجّی اُمید کرنا	٦	قسم یعنی قسم کھانا
٧	عقود لین دین کا معاملہ کرتے وقت جو گفتگو کی جائے	٨	عرض کسی کو نرمی کے ساتھ کسی کام کی طرف متوجہ کرنا
٩	ندا پکارنا	١٠	تعجّب حیرانگی کا اظہار کرنا

جملہ انشائیہ کی اقسام اور ان کی مثالیں

نمبر	جملہ انشائیہ	مثال	ترجمہ
١	امر	اِذْهَبْ	تو جا
٢	نہی	لَاتَحْزَنْ	غم نہ کر
٣	استفہام	ءَ أَنْتَ يُوْسُفُ	کیا تو یوسف ہے؟
٤	تمنّی	لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ	کاش زید حاضر ہوتا
٥	ترجّی	لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ	امید ہے عمرو غائب ہوگا
٦	عرض	اَلَا تَجْلِسُ مَعَنَا فَتَشْرَبَ اللَّبَنَ	آپ کیوں نہیں بیٹھتے ہمارے ساتھ پس آپ دودھ پیتے
٧	عقود	عَقَدْتُّ الْبَيْعَ	میں نے پکا کیا بیع کو
٨	قسم	وَاللّٰهِ لَاَنْصُرَنَّ	اللہ کی قسم میں ضرور مدد کروں گا
٩	ندا	يَازَكَرِيَّا	اے زکریا
١٠	تعجّب	قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ	مارا جائے انسان کتنا ناشکرا ہے

جملہ خبریہ کی دو قسمیں

(۱) جملہ اسمیہ (۲) جملہ فعلیہ

(۱) جملہ اسمیہ: وہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو دوسرا جز خواہ اسم ہو یا فعل

جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ یا زَیْدٌ عَلِمَ پہلے کو مبتدا دوسرے کو خبر کہتے ہیں

(۲) جملہ فعلیہ: وہ ہے جسکا پہلا جز فعل ہو جیسے عَلِمَ زَیْدٌ پہلے جز کو فعل دوسرے کو فاعل کہتے ہیں

جملہ اسمیہ	اَللّٰہُ اَحَدٌ	اللّٰہ تعالیٰ یکتا ہے
جملہ فعلیہ	کَتَبَ خَالِدٌ	خالد نے لکھا
جملہ اسمیہ	حَامِدٌ نَائِمٌ	حامد سو رہا ہے
جملہ فعلیہ	سَجَدَ نَاصِرٌ	ناصر نے سجدہ کیا

SUB TOPIC 3.4

V12.01.04

اَلْجُمْلَةُ الْاِسْمِيَّةُ
اَلنَّارُ حَقٌّ
حَقٌّ
اَلنَّارُ
خبر
مبتدا
مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا
موصوف صفت
مبتدا خبر
فعل فاعل مفعول
افعال ناقصہ
جار مجرور
مضاف مضاف الیہ

اَلْجُمْلَةُ الْاِسْمِيَّةُ
اَلدُّنيَا جِيفَةٌ
جِيفَةٌ
اَلدُّنيَا
خبر
مبتدا
مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا
موصوف صفت
مبتدا خبر
فعل فاعل مفعول
افعال ناقصہ
جار مجرور
مضاف مضاف الیہ

جملہ اسمیہ کی وضاحت

جملہ اسمیہ وہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو دوسرا جز خواہ اسم ہو یا فعل

جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ یا زَيْدٌ عَلِمَ پہلے کو مبتدا دوسرے کو خبر کہتے ہیں

مبتدا	خبر	مبتدا	خبر
اَللّٰهُ	وَاحِدٌ	مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم	رَءُوْفٌ
اَلدَّارُ	وَاسِعَةٌ	اَلْبَحْرُ	وَاسِعٌ
اَلْوَلَدُ	سَعِيْدٌ	اَلْغُصْنُ	اَخْضَرُ
اَلطَّرِيْقُ	ضَيِّقَةٌ	اَلضَّيْفُ	كَرِيْمٌ
اَلشَّابُّ	صَادِقٌ	اَلْبَلَدُ	كَبِيْرٌ

ترکیب: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

ترکیب کریں

(۱) اَلْبَيْتُ رَفِيْعٌ (۲) اَلْخَمْرُ حَرَامٌ (۳) اَلتُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ

(۴) اَلْوَلَدُ مَرِيْضٌ (۵) اَلْبَابُ مَفْتُوْحٌ (۶) اَلْقَلْبُ مَحْزُوْنٌ

(۷) اَلْبَحْرُ زَاخِرٌ (۸) اَلنَّظَافَةُ وَاجِبَةٌ (۹) اَلرَّجُلُ ضَعِيْفٌ

(۱۰) اَللّٰهُ الصَّمَدُ (۱۱) اَلْمَرْأَةُ صَالِحَةٌ (۱۲) اَلْمَرْءُ عَاقِلٌ

اُوپر کی مثالوں میں ہر جملہ دو اسموں سے مرکب ہے اور ہر جملہ اسم سے شروع کیا گیا ہے

اسی لیے پہلے اسم کو مبتداء اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں۔

اگر تم ہر جملہ میں دوسرے اسم پر ہاتھ رکھ کر اس کو چھپا لو اور یوں پڑھو

اَلْبَيْتُ، اَلْخَمْرُ، اَلتُّفَّاحَةُ تو تعجّب کیساتھ اپنے دل میں سوچو گے کہ

اَلْبَيْتُ، اَلْخَمْرُ اَلتُّفَّاحَةُ کیا ہیں؟ لیکن جب اپنا ہاتھ تم ہٹا کر اس طرح پڑھو گے

اَلْبَيْتُ رَفِيْعٌ اَلْخَمْرُ حَرَامٌ اَلتُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ

تو تم بات اچھی طرح سمجھ جاؤ گے۔

اب تم سمجھ گئے ہو گے کہ ہر جملہ میں دوسرے اسم سے کیا فائدہ ہے، اسی دوسرے اسم نے تمہیں گھر کے بلند ہونے اور شراب کے حرام ہونے اور سیب کے میٹھے ہونے کی خبر دی ہے اسی لیے دوسرے اسم کو خبر کہتے ہیں۔ اگر تم اوپر کی مثالوں میں ہر جملہ پر ایک بار نظر ڈالو تو دونوں اسموں میں سے ہر اسم کو مرفوع پاؤ گے۔

SUB TOPIC 3.5

جملہ فعلیہ کی وضاحت

جملہ فعلیہ وہ ہے جسکا پہلا جز فعل ہو جیسے عَلِمَ زَیْدٌ پہلے جز کو فعل دوسرے کو فاعل کہتے ہیں

ہر جملہ فعلیہ فعل، فاعل یا فعل، فاعل اور مفعول بہ سے مرکب ہوتا ہے۔

چونکہ ہر جملہ فعل سے شروع ہوتا ہے اس لئے اس کو "جملہ فعلیہ" کہتے ہیں

جملہ فعلیہ کی ترکیب اور ترجمہ

نمبر	فعل	فاعل	مفعول	ترجمہ
۱	خَلَقَ	اللّٰہُ	اَلْاَرْضَ	بنایا اللّٰہ تعالیٰ نے زمین کو
۲	کَسَرَ	اِبْرَاھِیْمُ	اَلْاَصْنَامَ	....
۳	نَصَرَ	اللّٰہُ	عَبْدًا	....
۴	مَنَعَ	الرَّجُلُ	وَلَداً	....

فعل ماضی میں اسم ضمیر کی پہچان (دو ۲، بارہ ۱۲)

درج ذیل دو صیغوں میں ضمیر مستتر فاعل ہوتی ہے

اگر ان کے بعد کوئی اسم ظاہر بطور فاعل موجود نہ ہو

صیغہ	ترجمہ	ضمیر مستتر فاعل
فَعَلَ	کیا اس ایک مرد نے	هُوَ
فَعَلَتْ	کیا اس ایک عورت نے	هِيَ

بارہ (۱۲) صیغوں میں ضمیر بارز فاعل ہوتی ہے

صیغہ	ترجمہ	علامت ضمیر بارز
فَعَلَا	کیا ان دو مردوں نے	ا
فَعَلُوْا	کیا ان سب مردوں نے	وْ
فَعَلَتَا	کیا ان دو عورتوں نے	ا
فَعَلْنَ	کیا ان سب عورتوں نے	نَ
فَعَلْتَ	کیا تو ایک مرد نے	تَ
فَعَلْتُمَا	کیا تم دو مردوں نے	تُمَا

صیغہ	ترجمہ	علامت ضمیر بارز
فَعَلْتُمْ	کیا تم سب مردوں نے	تُمْ
فَعَلْتِ	کیا تو ایک عورت نے	تِ
فَعَلْتُمَا	کیا تم دو عورتوں نے	تُمَا
فَعَلْتُنَّ	کیا تم سب عورتوں نے	تُنَّ
فَعَلْتُ	کیا میں ایک مرد یا عورت نے	تُ
فَعَلْنَا	کیا ہم سب مردوں یا عورتوں نے	نَا

مذکورہ علامات ہمیشہ فاعل بنتی ہیں اور ضمائر کہلاتی ہیں

فعل ماضی کی ترکیب

گردان	ترکیب	گردان	ترکیب
فَعَلَ	فَعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل	فَعَلْتُمَا	فَعَلَ فعل تُمَا ضمیر فاعل
فَعَلَا	فَعَلَ فعل ا ضمیر فاعل	فَعَلْتُمْ	فَعَلَ فعل تُمْ ضمیر فاعل
فَعَلُوْا	فَعَلَ فعل وْ ضمیر فاعل	فَعَلْتِ	فَعَلَ فعل تِ ضمیر فاعل
فَعَلَتْ	فَعَلَ فعل ھِيَ ضمیر مستتر فاعل	فَعَلْتُمَا	فَعَلَ فعل تُمَا ضمیر فاعل
فَعَلَتَا	فَعَلَ فعل ا ضمیر فاعل	فَعَلْتُنَّ	فَعَلَ فعل تُنَّ ضمیر فاعل
فَعَلْنَ	فَعَلَ فعل نَ ضمیر فاعل	فَعَلْتُ	فَعَلَ فعل تُ ضمیر فاعل
فَعَلْتَ	فَعَلَ فعل تَ ضمیر فاعل	فَعَلْنَا	فَعَلَ فعل نَا ضمیر فاعل

ترجمہ کریں اور ضمیر تلاش کیجئے

صیغہ	ترجمہ	علامت ضمیر بارز
فَعَلَا	کیا ان دو مردوں نے	ا
فَعَلُوْا	....	......
فَعَلَتَا	....	......
فَعَلْنَ	....	......
فَعَلْتَ	....	......
فَعَلْتُمَا	....	......

صیغہ	ترجمہ	علامت ضمیر بارز
فَعَلْتُمْ	کیا تم سب مردوں نے	تُمْ
فَعَلْتِ	....	......
فَعَلْتُمَا	....	......
فَعَلْتُنَّ	....	......
فَعَلْتُ	....	......
فَعَلْنَا	....	......

مضارع میں اسم ضمیر کی پہچان (دو(۲) تین(۳) نو(۹) ہے)

درج ذیل دو صیغوں میں ضمیر مستتر فاعل ہوتی ہے اگر اسم ظاہر بطور فاعل موجود نہ ہو

صیغہ	ضمیر مستتر فاعل
يَفْعَلُ	هُوَ
تَفْعَلُ	هِيَ

درج ذیل تین صیغوں میں ہمیشہ ضمیر مستتر فاعل ہوتی ہے

صیغہ	ضمیر مستتر فاعل
تَفْعَلُ	أَنْتَ
أَفْعَلُ	أَنَا
نَفْعَلُ	نَحْنُ

Sub Topic 3.5 جملہ فعلیہ Slide 53 کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ Topic 3.0

نو (۹) صیغوں میں ہمیشہ ضمیر بارز فاعل ہوتی ہے

صیغہ	ضمیر بارز فاعل	صیغہ	ضمیر بارز فاعل
يَفْعَلَانِ	ا	تَفْعَلَانِ	ا
يَفْعَلُوْنَ	وْ	تَفْعَلُوْنَ	وْ
تَفْعَلَانِ	ا	تَفْعَلِيْنَ	يْ
يَفْعَلْنَ	نَ	تَفْعَلَانِ	ا
تَفْعَلْنَ	نَ		

فعل ماضی معلوم کی قرآنی مثالیں

صیغہ واحد مذکر غائب

مثال	ترجمہ
صَدَقَ اللّٰهُ	سچ فرمایا اللہ نے
خَتَمَ اللّٰهُ	مہر لگادی اللہ نے
خَلَقَ الْاِنْسَانَ	پیدا کیا اس نے انسان کو
سَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ	سجدہ کیا فرشتوں نے
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	بیان کیا اللہ تعالیٰ نے مثال کو
قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ	قتل کیا داؤدؑ نے جالوت کو
وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ	وارث بنے سلیمانؑ داؤدؑ کے

تثنیہ مذکر غائب

مثال	ترجمہ
رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ	دونوں سوار ہوئے، کشتی میں
نَسِيَا حُوْتَهُمَا	دونوں بھول گئے، اپنی مچھلی کو
وَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا	دونوں نے پائی اس (بستی) میں، ایک دیوار

جمع مذکر غائب

مثال	ترجمہ
ذَكَرُوا اللّٰهَ	ذکر کیا ان سب نے اللہ کا
دَعَوُا اللّٰهَ	پکارا ان سب نے اللہ کو

Sub Topic 3.5	جملہ فعلیہ	Slide 56	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Topic 3.0

واحد مؤنث غائب

نَقَضَتْ غَزْلَهَا	اس (عورت) نے ٹکڑے ٹکڑے کردیا اپنا کاتا ہوا سُوت
حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ	ضائع ہوگئے ان لوگوں کے اعمال

جمع مؤنث غائب

اِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ	جب وہ عورتیں پہنچیں، اپنے مقررہ وقت کو
فَاِنْ خَرَجْنَ	پھر اگر وہ عورتیں نکلیں
مَا فَعَلْنَ	جو کچھ ان عورتوں نے کیا
فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا	وہ گھوڑے گھس گئے اس کے ساتھ مجمع میں

Sub Topic 3.5	جملہ فعلیہ	Slide 57	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Topic 3.0

واحد مذکر حاضر

كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ	تو نے فرض کیا ہم پر قتال کو
دَخَلْتَ جَنَّتَكَ	تو داخل ہوا اپنے باغ میں
قَالَ كَمْ لَبِثْتَ	اس نے کہا، کتنی (مدت) تو وہاں رہا؟
لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى	کیوں مجھے تو نے اٹھایا اندھا بنا کر

جمع مذکر حاضر

حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ	تم سب نے فیصلہ کیا لوگوں کے درمیان
دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا	تم سب لوگ داخل ہوئے، گھروں میں
سَمِعْتُمْ اٰيَاتِ اللّٰهِ	تم سب نے سنیں، اللہ کی آیات
لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ	تمہارے لئے وہی کچھ ہے جو، تم لوگوں نے کمایا

واحد متکلّم

نَسِيتُ الْحُوتَ	میں بھول گیا مچھلی کو
نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا	میں نے نذر مانی رحمٰن کیلئے روزے کی
جَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا	میں نے دیا اسے بہت سا مال
قَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ	میں نے اٹھائی ایک مٹھّی رسول کے نقش قدم سے

فعل ماضی جمع متکلّم

جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا	ہم نے بنایا دن کو کمانے کے لئے
حَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ	ہم نے جمع کی ان کے لئے ہر چیز
رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ	ہم نے بلند کیا آپ کیلئے آپ کا ذکر

درج ذیل الفاظ میں سے مناسب فاعل تلاش کریں

(۱) اَلرِّيْحُ (۲) اَلشَّمْسُ (۳) اَللّٰهُ (۴) اَلنَّاسُ (۵) اَلْقَمَرُ

(۶) اَنْتَ (۷) اَلْاَشْجَارُ (۸) اَلسَّفِيْنَةُ (۹) خَدِيْجَةُ (۱۰) سَعْدٌ

نمبر	فعل	فاعل	نمبر	فعل	فاعل
۱	خَرَجَ	النَّاسُ	۶	غَرِقَتْ	......السَّفِيْنَةُ
۲	غَفَرَ	....	۷	نَبَتَتْ	....
۳	ضَحِكْتُ	....	۸	عَصَفَتْ	....
۴	طَلَعَتْ	....	۹	اَكَلَ	....
۵	خَسَفَ	....	۱۰	اِقْرَءْ	....

درج ذیل الفاظ میں سے مناسب فعل تلاش کریں

(۱) سَئَلَ (۲) تَدْرُسُ (۳) لِيَنْصُرُ (۴) جَلَسَ (۵) صَبَرَ
(۶) طَلَعَ (۷) نَبَتَتْ (۸) يَغْفِرُ (۹) اِقْرَءْ (۱۰) طَبَخَتْ

نمبر	فعل	فاعل	نمبر	فعل	فاعل
۱	جَلَسَ	اَلطَّائِرُ	۶	سَئَلَ	اَلْفَقِيْرُ
۲	....	اَلْبَدْرُ	۷	....	اَنْتَ
۳	....	اَلاُخْتُ	۸	....	اَلْوَرْدَةُ
۴	....	اَلذِّئْبُ	۹	....	اَللّٰهُ
۵	....	زَيْدٌ	۱۰	....	هُوَ

فعل مضارع معلوم کی قرآنی مثالیں

آیات مبارکہ	ترجمہ	سورۃ و آیت نمبر
مَاذَا تَفْقِدُوْنَ	کیا چیز تم لوگ گم کر رہے ہو	(يُوْسُف ۷۱)
تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ	تم پہچانو گے ان کے چہروں میں	(اَلْمُطَفِّفِيْن ۲۴)
نَنْصُرُ رُسُلَنَا	ہم مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی	(اَلْمُؤْمِن ۵۱)
نَحْنُ نَرْزُقُكَ	ہم ہی تو رزق دے رہے ہیں آپ کو	(طٰهٰ ۱۳۲)
قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ	یقیناً جانتا ہے اللہ تعالیٰ رکاوٹ پیدا کرنے والوں کو	(اَلْاَحْزَاب ۱۸)
يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ	وہ معاف کر دیتا ہے گناہوں کو	(اَلزُّمَر ۵۳)

Sub Topic 3.5	جملہ فعلیہ	Slide 62	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Topic 3.0

فعل مضارع معلوم کی قرآنی مثالیں

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ	اور تارے اور درخت دونوں سجدہ کر رہے ہیں	(اَلرَّحْمٰنُ ٦)
اِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ	جب وہ دونوں فیصلہ کر رہے تھے ایک کھیت کے مقدمے میں	(اَلْاَنْبِيَآءُ ٧٨)
وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ	اور وہ لوگ اٹھائے ہوئے ہونگے اپنا بوجھ (گناہ)	(اَلْاَنْعَامُ ٣١)
اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ	کیا وہ حسد کرتے ہیں لوگوں سے	(اَلنِّسَآءُ ٥٤)
يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِاَيْدِيْهِمْ	وہ لوگ لکھتے ہیں کتاب اپنے ہاتھوں سے	(اَلْبَقَرَةُ ٧٩)
وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ	اور جو لوگ جمع کر کے رکھتے ہیں سونا اور چاندی	(اَلتَّوْبَةُ ٣٤)

Sub Topic 3.5	جملہ فعلیہ	Slide 63	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Topic 3.0

درج ذیل الفاظ میں سے مناسب فعل تلاش کریں

(١) نَزَلَتْ (٢) يَرْزُقُ (٣) يَسْرِقُ (٤) يَنْبُتُ (٥) بَطَلَتْ

(٦) ضَحِكَتْ (٧) يَلْعَبُ (٨) تَطْلَعُ (٩) فَسَدَ (١٠) يَزْرَعُ

نمبر	فعل	فاعل	نمبر	فعل	فاعل
١	يَرْزُقُ	اَللّٰهُ	٦	....	اَلْجَسَدُ
٢	....	اَللِّصُّ	٧	....	اَلْمَطَرُ
٣	....	اَلزَّارِعُ	٨	....	اَلزَّرْعُ
٤	....	اَلطِّفْلُ	٩	....	صَلٰوةٌ
٥	....	اَلشَّمْسُ	١٠	....	فَاطِمَةُ

Topic 3.0	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Slide 64	جملہ فعلیہ	Sub Topic 3.5

درج ذیل الفاظ میں سے مناسب مفعول تلاش کرو

(١)كِتَابًا (٢)اَلْبَابَ (٣) شَاةً (٤) اَلْاَصْنَامَ (٥) اَلرَّسُوْلَ

(٦) فَرَسًا (٧) جَالُوْتَ (٨) عَدُوًّا (٩) اَلْاَرْضَ (١٠) فَارًا

نمبر	فعل	فاعل	مفعول بہ	نمبر	فعل	فاعل	مفعول بہ
١	خَلَقَ	اللّٰهُ	اَلْاَرْضَ	٦	نَصَرَ	اللّٰهُ	....
٢	ذَبَحَ	زَيْدٌ	....	٧	كَسَرَ	اِبْرَاهِيْمُ	....
٣	قَتَلَ	دَاوٗدُ	....	٨	رَكِبَ	حَامِدٌ	....
٤	كَتَبَ	خَالِدٌ	....	٩	فَتَحَتْ	فَاطِمَةُ	....
٥	غَلَبَ	اِسْمَاعِيْلُ	....	١٠	اَكَلَتْ	اَلْهِرَّةُ	....

Topic 3.0	کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ	Slide 65	جملہ فعلیہ	Sub Topic 3.5

فعل امر حاضر معلوم کی قرآنی مثالیں

آیات مبارکہ	ترجمہ	سورۃ و آیت نمبر
اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ	کہ مارو اپنی لاٹھی پتھر پر	اَلْاَعْرَافُ: ١٦٠
اِجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا	بنا دے اسے ایک پر امن شہر	اَلْبَقَرَةُ ١٢٦
وَارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ	اور رزق دے اسکے رہنے والوں کو پھلوں سے	اَلْبَقَرَةُ: ١٢٦
يٰاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ	اے نفس مطمئن! لوٹ جا اپنے رب کی طرف	اَلْفَجْرُ: ٢٧-٢٨
يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ	اے مریم! تابع ہو کر رہ اپنے رب کے اور سجدہ کر	اٰلِ عِمْرَانَ: ٤٣
اِهْبِطُوْا مِصْرًا	اترو کسی شہر میں	اَلْبَقَرَةُ: ٦١

فعل امر حاضر معلوم کی قرآنی مثالیں

آیات مبارکہ	ترجمہ	سورۃ و آیت نمبر
اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ	تم دونوں جاؤ فرعون کی طرف	طٰهٰ:۴۳
وَادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ	اور داخل ہو جاؤ مختلف دروازوں سے	یُوْسُف:۶۷
فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى	پس انصاف کرو اور اگرچہ ہو وہ شخص رشتے دار	اَلْاَنْعَام:۱۵۲
اُعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ	تم عبادت کرو اپنے رب کی جس نے تمہیں پیدا کیا	اَلْبَقَرَة:۲۱
وَاجْعَلْنِىْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ	اور بنا دے مجھ کو نعمتوں والی جنت کے مستحقین میں سے	اَلشُّعَرَآء:۸۵

فعل امر غائب معلوم کی قرآنی مثالیں

آیات مبارکہ	ترجمہ	سورۃ و آیت نمبر
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ	پس چاہیئے کہ عبادت کریں وہ لوگ اس گھر کے رب کی	قُرَيْش: ۳
وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ	اور چاہیئے دیکھے ہر نفس کہ اس نے کیا بھیجا ہے کل کیلئے	اَلْحَشْر: ۱۸
وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ	اور چاہیئے کہ لکھے تمہارے درمیان لکھنے والا انصاف کیساتھ	اَلْبَقَرَة: ۲۸۲
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ	پس چاہیئے دیکھے انسان کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا	اَلطَّارِق: ۵

Topic 3.0
کلمہ سے کلام بنانے کا طریقہ
Slide 68
جملہ فعلیہ
Sub Topic 3.5
اَلْجُمْلَۃُ الْفِعْلِیَّۃُ وَھُوَمَافِیْ اَوَّلِہٖ لَا النَّافِیَۃُ
لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ
لَا
یَدْخُلُ
اَلْجَنَّۃَ
قَتَّاتٌ
لا نافیہ
فعل
مفعول فیہ
فاعل
لا یدخل فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا
فعل فاعل مفعول
مبتدا خبر
موصوف صفت
مضاف مضاف الیہ
جار مجرور
افعال ناقصہ
